## سوال

(463) نماز میں سورہ فاتحہ شروع کرنے سے پہلے ''بسم ا '' پڑھنی چاہیے یا نہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز میں سورہ فاتحہ شروع کرنے سے پہلے ''بسم ا '' پڑھنی چاہیے یا نہیں؟ ہماری مسجد کے امام صاحب فرماتے ہیں کہ سورۃ فاتحہ سے پہلے ''بسم اللہ الرحمن الرحیم'' نہیں پڑھنی چاہیے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

''بسم ا '' سورہ فاتحہ کا جزء ہے۔ لہٰذا ''سورہ فاتحہ'' کے ساتھ اس کا پڑھنا ضروری ہے۔ مولوی صاحب موصوف نے ممکن ہے جَہری پڑھنے کی نفی کی ہو، کہ اسے سِرّی پڑھنا چاہیے۔ بایں صورت ان کا موقف درست ہے اور اگر وہ مطلق نفی کے قائل ہیں، تو وہ غلطی پر ہیں۔ اس موقف سے رجوع کرنا چاہیے۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو! تفسیر فتح القدیر وغیرہ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

**کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :395**

محدث فتویٰ